SRS - اسکول واپسی میں معاونت

اسکول واپسی میں معاونت کا پروگرام:
کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

14 اگست کو، Fairfax County نے اسکول واپسی میں معاونت (SRS) کے نئے پروگرام کا اعلان کیا ہے جو کہ COVID-19 کی عالمگیر وباء کے رد عمل اور اس سال اسکول میں ورچوئل واپسی کی خاطر تیار کیا گیا ہے۔ FCPS کے ورچوئل تعلیمی دن کے دوران بچوں کے فعال اور مشغول تعلیمی عمل کی خاطر SRS پورے دن کی پروگرامنگ فراہم کرے گا اور بچوں کو پروگرام کے نصاب، شاندار بیرونی مقامات: امریکی خطوں کے روڈ ٹرپس (The Great Outdoors: Road Trips Through the Americas) پر مبنی سرگرمیوں کو تلاش کرنے، ان میں مشغول ہونے، ان سے تسکین پانے اور ان سے لطف اندوز ہونے کے مواقع فراہم کرے گا۔

پروگرام کے بارے میں کثرت سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات یہ رہے:

پروگرام کون پیش کر رہا ہے؟

پروگرام Fairfax County کی حکومت کی جانب سے دفتر برائے اطفال (Office for Children) کے ذریعے سے پیش کردہ ہے، جو SACC پروگرام کے ذریعے قبل از اور بعد از اسکول طلباء کے لئے تعلیمی نگہداشت فراہم کرتا ہے۔ OFC اساتذہ SRS پروگرام میں عملے کا کردار ادا کریں گے۔

SRS پروگرام کو کہاں منعقد کیا جائے گا؟

SRS پروگرام 35 ایلیمینٹری اسکولز اور Key and Kilmer مراکز سمیت، 37 Fairfax County پبلک اسکولز میں پیش کیا جائے گا۔ سماجی فاصلہ بندی اور صحت کے پروٹوکولز کو قائم رکھنے کی خاطر اندراج محدود پیمانے پر ہو گا۔

SRS پروگرام کی تاریخیں کیا ہیں؟

SRS پروگرام 8 ستمبر، 2020 سے شروع ہو رہا ہے۔ جیسے ہی آن لائن اور بالمشافہ تدریس میں FCPS کی اپ ڈیٹس آتی ہیں، ویسے ہی پروگرام کی حیثیت کا بھی از سر نو جائزہ لیا جائے گا۔

SRS پروگرام کے اوقات کار کیا ہیں؟

SRS پیر تا جمعہ صبح 7:30 تا شام 6 تک مصروف عمل ہو گا تاکہ ان والدین کی خاطر گنجائش نکال سکے جو گھر سے باہر کام کر رہے ہیں یا جنہیں پورے دن کے لئے خدمات درکار ہیں۔ CDC صحت اور تحفظ کی تمام موجودہ ہدایات، بشمول نقاب، جسمانی فاصلہ بندی کے پروٹوکولز کو بروئے کار لانے، اور صفائی اور جراثیم کش سرگرمیوں کو بڑھانے پر عملدرآمد کیا جائے گا۔

ہر مقام پر کتنے بچوں کو خدمات فراہم کی جائیں گی؟

پروگرام ایک جگہ پر کم و بیش 60 بچوں کی گنجائش کا حامل ہو گا۔ ہر کلاس روم میں زیادہ سے زیادہ 10 بچوں کا گروپ ہو گا جو ہر روز اکٹھے وقت گزاریں گے، اور ان کی آن لائن تعلیم اور بالمشافہ روابط میں تعاون دینے کے لئے یکساں عملہ بھی ان کے ہمراہ ہو گا۔

پروگرام میرے بچے کی ورچوئل اتعلیم میں کس طرح سے تعاون کرے گا؟

SRS عملے کو ورچوئل تعلیم کی ٹیکنالوجیز کے اندر پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرنے کی خاطر SRS کے ساتھ FCPS شراکت داری میں کام کر رہا ہے۔ بچوں کی ورچوئل تعلیم کے شیڈیولز ترتیب دینے کی خاطر SRS کا عملہ روزانہ کی بنیادوں پر خاندانوں کے ساتھ تعاون کرے گا اور ایک ایسی جگہ فراہم کرے گا جو تعلیمی دن کے دوران بچوں کی تعلیم میں معاونت فراہم کرنے کی جانب مائل کرتی ہو۔

کیا پروگرام تعلیمی ہدایات فراہم کرے گا؟

SRS عملہ Fairfax County کے دفتر برائے اطفال کے ملازمین ہیں، Fairfax County پبلک اسکولز کے نہیں۔ SRS عملہ بچوں کی ورچوئل تدریس میں ،عاونت فراہم کرے گا تاہم تعلیمی ہدایات فراہم نہیں کرے گا۔ پروگرام ورچوئل تعلیم کی جگہ لینے یا اسی کو دہرانے کی خاطر ترتیب نہیں دیا گیا، بلکہ یہ یقینی بناتے ہوئے اسے تعاون دینے کی غرض سے بنایا گیا ہے کہ طلباء FCPS کے تعلیمی دن تک رسائی کے قابل ہیں اور ان کے پاس کامیابی کی خاطر درکار معاونت اور مشغولیت موجود ہے۔

صحت اور تحفظ کے کون سے پروٹوکولز موجود ہوں گے؟

SRS پروگرام میں عملے اور طلباء دونوں کا تحفظ سب سے زیادہ اہم ہے۔ SRS پروگرام موجودہ CDC صحت اور تحفظ کی ہدایات، نیز Fairfax County کے محکمۂ صحت کی جانب سے رہنمائی پر عمل کرے گا۔ اس کے علاوہ، درج ذیل اقدامات موجود ہیں:

- ایک کلاس روم میں طلباء 10 یا اس سے کم تعداد پر مبنی گروپس کی صورت موجود ہوں گے۔
- عملے کے یکساں اراکین کے ہمراہ طلباء پورا دن گروپ کی صورت میں اکٹھے رہیں گے۔
- کثرت سے چھوئے جانے والے مقامات کی پورا دن باقاعدہ صفائی کی جاتی رہے گی۔
- ملاقاتیوں کو داخلے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- ایک روزانہ کی جانچ میں عملے اور طلباء کے عمارت میں داخلے سے پیشتر عملے اور طلباء کے درجۂ حرارت لینا اور صحت سے متعلق سوالات کا ایک سلسلہ دریافت کرنا شامل ہو گا۔
- بچوں اور عملے کو پورا دن ماسک پہنے رکھنا ہوں گے۔
- کم از کم چھ فٹ پر مبنی سماجی فاصلہ بندی کی حمایت کی جائے گی۔

اگر میرے بیس اسکول پر SRS پروگرام کی پیشکش موجود نہیں ہے تو کیا پھر بھی میں اس پروگرام میں اپنے بچے کا داخلہ کروا سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ اپنے بیس اسکول سے قطع نظر، آپ اس SRS مقام پر شرکت کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کے لئے نزدیک ترین یا باسہولت ہو۔

کیا پروگرام کی اہلیت کے کوئی تقاضے ہیں؟

جی ہاں، SRS پروگرام کنڈرگارٹن سے چھٹی جماعت تک کے بچوں کو خدمات فراہم کرتا ہے۔ گھرانے کو لازمی طور پر Fairfax County یا Fairfax شہر میں رہائش پذیر ہونا چاہیئے۔

پچھلی طرف جاری ہے

اپنے بچے کی شمولیت کروانے کے لئے کیا گھرانوں کا برسرِ روزگار ہونا ضروری ہے؟

نہیں، SRS پروگرام اہلیت کے لئے روزگار کا تقاضا نہیں کرتا۔

کیا مالی امداد دستیاب ہے؟

آمدنی کی اہلیت رکھنے والے گھرانوں کے لئے تغیر پذیر فیس اسکیل دستیاب ہے۔ اضافی مالی امداد بھی دستیاب ہے۔ ایسے گھرانے جنہیں ممکنہ طور پر اضافی مالی امداد یا سفری سہولیات کی ضرورت ہو انہیں اندراج کے وقت اپنی درخواست سے آگاہ کر دینا چاہیئے تاکہ رجسٹریشن کا عملہ بھرپور معاونت فراہم کر سکے۔

داخلہ محدود کیوں رکھا گیا ہے؟

SRS پروگرام کے داخلے محدود ہیں تاکہ پورا دن کی پروگرامنگ، نیز سماجی فاصلہ بندی کی ہدایات پر عمل درآمد کیا جائے، اور صحت اور تحفظ کی اضافی تدابیر سے تعاون کیا جائے۔ پروگرام ان شدید ضرورت مند گھرانوں کو مدد دینے کی خاطر ترتیب دیا گیا ہے، جو شاید دیگر وسائل تک رسائی نہ رکھتے ہوں، اور ان موقع جاتی خلاؤں میں کمی لانے کے لئے ترتیب دیا گیا ہے جو بالمشافہ تعلیمی عمل کے بغیر شاید وسعت اختیار کر جائیں۔

یہ پروگرام SACC سے کس طرح مختلف ہے؟

SACC پروگرام کی پیشکش فی الحال موجود نہیں ہے۔ SRS میں OFC کے اساتذہ مصروف عمل ہوں گے اور طلباء کو پڑھنے کے لئے محفوظ ماحول فراہم کریں گے۔ SRS ایک پورے دن کا پروگرام ہے جو قبل از اور بعد از اسکول نگہداشتی عنصر کے ہمراہ، تعلیمی دن کے دوران ورچوئل تعلیم میں معاونت دیتا ہے۔ جب SRS پروگرام میں شامل بچے اپنے تعلیمی اسکول کے ورچوئل دن میں مشغول نہیں ہوں گے، تو ان کے پاس پروگرام کے نصاب، شاندار بیرونی مقامات: امریکی خطوں کے روڈ ٹرپس پر مبنی سرگرمیوں کو دریافت کرنے کے مواقع موجود ہوں گے۔

کیا میں یومیہ، ہفتہ وار، یا حسب ضرورت بنیادوں پر اندراج کروا سکتا ہوں؟

جی نہیں، پروگرام صرف ماہانہ بنیادوں پر بچوں کی ورچوئل تعلیم میں مستقل نگہداشت اور معاونت فراہم کرنے کی غرض سے ترتیب دیا گیا ہے۔ طلباء کو ہفتے میں پانچ دن پر مشتمل مکمل پروگرام میں داخلہ لینا ہو گا۔

اگر ہمیں قبل از اور بعد از اسکول نگہداشتی عناصر کی ضرورت نہ ہو تو کیا میں اپنے بچے کو صرف تعلیمی اسکول کے دن میں داخل کروا سکتا ہوں؟

جی نہیں، SRS ایک کل یومیہ پروگرام ہے جو بچوں کو تعلیمی دن نیز اس سے پہلے اور اس کے بعد بھی نگہداشت فراہم کرتا ہے۔ جب SRS پروگرام میں شامل بچے اپنے تعلیمی اسکول کے ورچوئل دن میں مشغول نہیں ہوں گے، تو ان کے پاس پروگرام کے نصاب، شاندار بیرونی مقامات، امریکی خطوں کے روڈ ٹرپس پر مبنی سرگرمیوں کو دریافت کرنے کے مواقع موجود ہوں گے۔

کیا کھانے پینے کی چیزیں فراہم کی جائیں گی؟

جی ہاں، ناشتہ، لنچ، اور سہ پہر کے اسنیکس FCS کی خوراک اور غذائی خدمات (FCPS Food and Nutrition Services) کے تعاون سے پیش کیے جائیں گے۔

کیا سفری سہولیات دستیاب ہوں گی؟

کاؤنٹی اور FCPS عملہ یہ یقینی بنانے کی خاطر مصروف عمل ہو گا کہ گھرانوں کی SRS پروگرام میں شرکت کی راہ میں سفری سہولیات رکاوٹ نہ بنیں۔ جن گھرانوں کو سفری سہولیات کی ضرورت ہو انہیں داخلے کے وقت ہی اپنی درخواست سے آگاہ کر دینا چاہیئے۔

کیا لیپ ٹاپس اور انٹرنیٹ تک رسائی فراہم کی جائے گی؟

طلباء کو اپنے ذاتی یا اسکول کے جاری کردہ لیپ ٹاپس لے کر آنے ہوں گے۔ تمام SRS مقامات پر وائرلیس انٹرنیٹ رسائی فراہم کی جائے گی۔

کیا خصوصی ضروریات کا حامل میرا بچہ یا بچی شرکت کر سکتا/سکتی ہے، اور کیا اسے خصوصی تعلیم فراہم کی جائے گی؟

جی ہاں، تمام SRS مقامات خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کو شامل کریں گے۔ اس کے علاوہ، Key and Kilmer مرکز کے مقامات بالخصوص متعدد معذوریوں کے حامل 5-21 سال کے بچوں اور نوجوانوں کو خدمات فراہم کریں گے۔ بچوں کی ورچوئل تعلیم کے شیڈیولز ترتیب دینے کی خاطر SRS کا عملہ روزانہ کی بنیادوں پر خاندانوں کے ساتھ تعاون کرے گا اور ایک ایسی جگہ فراہم کرے گا جو تعلیمی دن کے دوران بچوں کی تعلیم میں معاونت فراہم کرنے کی جانب مائل کرتی ہو۔

پروگرام کی فیسیں کیا ہیں؟

اسکول واپسی میں معاونت کی فراہمی (SRS) کے پروگرام SY 2020-2021
میں ذیل میں دی گئی فیسیں ماہانہ بنیادوں پر وصول کی جاتی ہیں۔

گھرانے کی ایڈجسٹ کردہ آمدن	فی بچہ
$131,000 اور سے زیادہ	$1,472
117,900 - 130,999	$1,272
104,800 - 117,899	$1,076
91,700 - 104,799	$876
78,600 - 91,699	$676
65,500 - 78,599	$476
52,400 - 65,499	$280
52,399 اور سے کم	$80

گھٹائے گئے نرخ ان گھرانوں کے لئے قابل اطلاق ہیں جن کے دو یا زائد بچے داخل ہیں۔ دوسرے بچے کے ضمن میں 10% کی رعائیت ہے؛ تیسرے بچے اور اس کے بعد ہر بچے کو 20% رعائیت ملے گی۔

اضافی مالی امداد بھی دستیاب ہے۔ ایسے گھرانے جنہیں ممکنہ طور پر اضافی مالی امداد یا سفری سہولیات کی ضرورت ہو انہیں اندراج کے وقت اپنی درخواست سے آگاہ کر دینا چاہیئے تاکہ رجسٹریشن کا عملہ بھرپور معاونت فراہم کر سکے۔

مجھے کس طرح داخلہ لینا ہے؟

داخلے کا آغاز 24 اگست 2020 کے ہفتے سے ہو گا۔ اضافی معلومات اور رجسٹر ہونے کے لئے، 703-449-8989 پر کال کریں یا Fairfaxcounty.gov/OFC ملاحظہ کریں۔ ترجمے کی خدمات دستیاب ہیں۔

جہاں TTY نمبر کی نشاندہی نہیں کی گئی، وہاں 711/ورجینیا ریلے استعمال کریں۔ درخواست پر موزوں سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں؛ 703-449-1414 پر کال کریں۔
Fairfax County، VA پبلیکیشن۔ پرنٹ کردہ بتاریخ 8/2020

Fairfax County Neighborhood and Community Services
Fairfax County Office for Children
Fairfaxcounty.gov/OFC